# Relationships with regional NGOs and government for SDG policy

1. The **workshop on kitchen gardening** organized by the University of Poonch Rawalakot in collaboration with the **HEC Green Youth Movement Club, Directorate of Student Affairs, and the Department of Agriculture & District Health** provided participants with practical knowledge on growing their own vegetables and herbs at home. Experts demonstrated low-cost, space-efficient gardening techniques, soil preparation, seed selection, composting, and organic pest control methods. Students, families, and community members learned how kitchen gardening can improve household nutrition, reduce food expenses, and promote healthier eating habits. By empowering individuals to produce fresh, chemical-free vegetables, the workshop supported both food security and environmental sustainability. This multi-stakeholder initiative brought together academic departments, government agriculture specialists, health professionals, and youth organizations to collaboratively promote sustainable living practices. Their combined expertise created a more impactful learning environment and strengthened community engagement. By coordinating resources, sharing knowledge, and supporting local households, these institutions demonstrated how partnerships enhance capacity and accelerate progress toward sustainable development.





راولاکوٹ: وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر، ظہیر عباس، ڈاکٹر گل لیلیٰ، ڈاکٹر گل رانا اعجاز کچن گارڈننگ کے حوالے سے تربیتی ورکشاپ سے خطاب کر رہے ہیں

# جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں کچن گارڈننگ پر خواتین کیلئے ایک روزہ تربیتی ورکشاپ

## انسان اور مٹی کا تعلق فطری، اس تعلق کو بچانا ہوگا، جامعہ پونچھ تکنیکی معاونت فراہم کریگی، وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر

## ریسورس پرسن ظہیر عباس، ڈاکٹر گل لیلیٰ نے زمین کی تیاری، بیماریوں اور دیگر امور سے آگاہ کیا، خواتین میں مفت بیج تقسیم

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ میں ہائر ایجوکیشن کمیشن گرین یوتھ موومنٹ کلب "ڈائریکٹوریٹ آف سٹوڈنٹس افیئرز" کے زیر اہتمام اور فیکلٹی آف ایگریکلچر اور محکمہ زراعت ضلع پونچھ کے تعاون سے عالمی یوم ماحولیات کی مناسبت اور "زمین کی بحالی" کے سلوگن کے تحت لوکل کمیونٹی کی خواتین کیلئے "کچن گارڈننگ کلچر کے دوبارہ آغاز" کے موضوع پر ایک روزہ تربیتی ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔ ورکشاپ میں سبزیوں کی کاشت کیلئے زمین کی تیاری، مناسب وقت، ہوا، پانی (بقیہ 33 صفحہ 03)

بقیہ 33

اور کھاد کی ضرورت اور اہمیت سے متعلق آگاہی فراہم کی گئی۔ کچن گارڈننگ کیلئے درکار زمین ممکنہ بیماریوں اور بیماریوں کی روک تھام سے متعلق بھی آگاہ کیا گیا۔ دریں اثناء ورکشاپ میں شریک خواتین نے کچن گارڈننگ اور دیگر زرعی امور سے متعلق اپنے تجربات شیئر کئے اور متعلقہ ماہرین سے سوالات بھی کئے۔ ورکشاپ سے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے بحیثیت مہمان خصوصی جبکہ ایگریکلچر فارم منیجر ظہیر عباس اور شعبہ پلانٹ پتھالوجی کی فیکلٹی ممبر ڈاکٹر گل لیلیٰ نے بطور ریسورس پرسن خطاب کیا۔ نظامت کے فرائض اسسٹنٹ پروفیسر ڈاکٹر گل رانا اعجاز نے سرانجام دیئے۔ ریسورس پرسنز نے بتایا کہ راولاکوٹ کی زمین کچن گارڈننگ کیلئے انتہائی موزوں ہے۔ خواتین کی کچن گارڈننگ کی جانب رغبت حوصلہ افزاء ہے۔ جامعہ پونچھ خواتین کی ہر ممکن تکنیکی معاونت کریگی۔ اس موقع پر خواتین میں مختلف سبزیوں کے بیج اور سبزیوں کی کاشت سے متعلق آگاہی بروشر بھی تقسیم کئے گئے۔ وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے اپنے خطاب میں کہا کہ انسان اور مٹی کا فطری تعلق ہے اس تعلق کو توڑنے کے نقصانات ہوں گے۔ آپ کی زمین کی پہچان پھل اور سبزیاں تھیں۔ وہ کونسے عوامل ہیں جنھوں نے اس شناخت کو ختم کیا۔ ایسے گمراہ کن تصورات سے بچنا ہوگا جو ہمیں زمین سے فطری تعلق کو توڑنے پر مجبور کریں۔ ہم نے واپس پلٹنا ہے۔ جامعہ پونچھ زرعی امور سے متعلق ہر قسم کی تکنیکی معاونت فراہم کریگی۔ اس موقع پر ڈین ایگریکلچر پروفیسر ڈاکٹر ناصر رحیم ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز ڈاکٹر ذبیر عباسی اور دیگر بھی موجود تھے۔ جبکہ محکمہ زراعت ضلع پونچھ کے نمائندے بھی موجود تھے۔

2. The **awareness and sensitization session organized by the Ministry of Human Rights in collaboration with the University of Poonch Rawalakot** served as an important platform to educate students, faculty, and community members about fundamental human rights and the mechanisms available for their protection. Representatives from the Ministry highlighted key areas such as child rights, women's rights, the rights of persons with disabilities, and protections for marginalized communities. The session emphasized the importance of recognizing and reporting human rights violations, promoting equality, and fostering a culture of respect and dignity. By engaging young people directly, the program helped build awareness, encouraged responsible citizenship, and empowered participants to play an active role in safeguarding human rights within their communities.

This joint initiative also showcased the value of collaboration between government institutions and academic bodies in strengthening public understanding and community outreach. The involvement of the University of Poonch Rawalakot ensured broad participation, while the Ministry of Human Rights provided expert guidance and policy-level insights. Together, they created a supportive platform for dialogue, learning, and community engagement. Such partnerships contribute to building a more informed and socially aware society, strengthening institutional capacity, and promoting long-term commitment to human rights advocacy.



web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily PEARL VIEW Member AKNS Rawalakot

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

روزنامہ پرل ویو

راولاکوٹ اسلام آباد

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:10 | منگل 23 اپریل 2024، 14 شوال 1445، 11 بیساکھ، 2081ب | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ:060



راولاکوٹ، رجسٹرار جامعہ پونچھ ڈاکٹر عبدالرؤف، ڈائریکٹر وزارت انسانی حقوق عزیز اقبال، ڈاکٹر ذبیر اور دیگر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں

# جامعہ پونچھ راولاکوٹ میں وفاقی وزارت انسانی حقوق کے تعاون سے آگاہی سیمینار

## پاکستان انسانی حقوق بارے عالمی اہداف کے حصول کیلئے کوشاں، آگاہی انسانی حقوق کی پامالیوں کو روک سکتی ہے، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف

## جامعات میں مباحثوں کی ضرورت، نظامت امور طلبہ کے تحت سیمینار سے ڈائریکٹر عزیز اقبال، ڈاکٹر ذبیر عباسی اور دیگر کا خطاب

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی نظامت امور طلبہ کے تعاون سے وفاقی وزارت انسانی حقوق کے زیر اہتمام "انسانی حقوق سے متعلق آگاہی" سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ سیمینار سے رجسٹرار جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان، ڈائریکٹر وزارت انسانی حقوق عزیز اقبال، ڈپٹی ڈائریکٹر ذیشان منیر اور ناظم امور طلبہ ڈاکٹر ذبیر عباسی نے خطاب کیا۔ سیمینار میں مختلف کلیات اور شعبوں سے طلباء و طالبات سمیت فیکلٹی ممبران نے بڑی تعداد میں شرکت کی (بقیہ 19 صفحہ 03)

بقیہ 19

۔رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں کہا کہ انسانی حقوق کے حصول کیلئے انسانی حقوق سے متعلق فہم و ادراک ضروری ہے۔انھوں نے کہا کہ جس قدر شہریوں کو اپنے حقوق سے متعلق آگاہی ہوگی اسی قدر شہریوں کو حقوق کے حصول میں آسانی و سہولت ہوگی۔حقوق سے متعلق آگاہی کیلئے اعلیٰ تعلیمی اداروں کے طلبہ کا کردار بنیادی نوعیت کا ہے۔آپ ایسے پیج پر موجود ہیں جہاں سے آپ قوم کی خدمت کے قابل ہو چکے ہیں۔دنیا میں اس وقت جو مسئلہ سب سے زیادہ زیر بحث ہے وہ انسانی حقوق سے متعلق ہے۔انسانی حقوق سے متعلق ہماری مذہبی تعلیمات بہت ہی واضح اور بنیادی ہیں۔انھوں نے پونچھ یونیورسٹی میں سیمینار کے انعقاد پر وزارت انسانی حقوق کا شکریہ ادا کیا۔دریں اثناء ڈائریکٹر وزارت انسانی حقوق عزیز اقبال نے انسانی حقوق سے متعلق حکومت پاکستان کی جانب سے قانون سازی اور قانون سازی پر عملدرآمد کیلئے طریقہ کار اور فریم ورک پر پریذنٹیشن دی۔انھوں نے کہا کہ پاکستان انسانی حقوق سے متعلق عالمی برادری کے طے کردہ اہداف اور مقاصد کے حصول کیلئے کوشاں ہے۔اس مقصد کے تحت ملک بھر میں انسانی حقوق سے متعلق قانون سازی، عملدرآمد کے طریقہ کار، تعزیرات اور شکایات کے ازالے کے طریقہ کار سے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے۔انھوں نے کہا کہ آگاہی ایسا ہتھیار ہے جس کی بنیاد پر انسانی حقوق کی پامالیوں سے بچا جا سکتا ہے۔جامعات مباحثوں کے مراکز ہیں۔انسانی حقوق سے متعلق جامعات میں مباحثوں کی ضرورت ہے۔ہم نے انسانی حقوق سے متعلق عالمی معیار پر پورا اترنے کیلئے فریم ورک بنا لیا ہے۔انسانی حقوق کی فراہمی کیلئے حکومت اپنی ذمہ داری پوری کرے گی۔آئین پاکستان شہریوں کو تمام بنیادی انسانی حقوق کی ضمانت دیتا ہے۔تمام شہریوں کو آزادی اظہار، عزت و وقار، ثقافت، مذہبی آزادی، مساوات، صنفی برابری، جائیداد کے حقوق سمیت تمام بنیادی حقوق حاصل ہیں۔انھوں نے کہا کہ شہریوں کو اس سے آگاہ کرنا ضروری ہے کہ ان حقوق کی مکمل فراہمی کیلئے حکومت نے کیا میکنزم بنایا ہے۔حراسمنٹ کے حوالے سے حکومت زیرو ٹالرنس کی پالیسی پر کاربند ہے۔انھوں نے کہا کہ اداروں میں خواتین کی آبادی کے تناسب سے شراکت داری کیلئے قانون سازی کی جا رہی ہے۔قانون سازی کے ثمرات شہریوں تک پہنچائیں گے۔جو حکومت عوام کے ٹیکس سے چلتی ہے وہ اس بات کی پابند ہے کہ وہ شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرے۔اس موقع پر انسانی حقوق سے متعلق عالمی قانون سازی اور پاکستان کیلئے اس کی اہمیت سمیت اہم امور سے متعلق پریزنٹیشن۔

University of Poonch Rawalakot demonstrates its commitment as a *Partnership for the Goals* institution through its active engagement in **policy collaboration**, **multi-stakeholder partnerships**, and **strategic cooperation** with government agencies, regional non-governmental organizations (NGOs), industries, and international organizations. Department of EASTERN medicine science along with Read foundation will make policies and promote the health issues in the society.



web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED Daily **PEARL VIEW** Member AKNS Rawalakot

ایڈیٹرانچیف: شفقت ضیاء

روزنامہ

# پرل ویو

راولاکوٹ

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:10 | منگل 22 اکتوبر 2024ء، 17 ربیع الثانی 1446ھ، 11 کاتک 2081ب | صفحات 04 قیمت 20 روپے | شمارہ 235

# جامعہ پونچھ شعبہ ایسٹرن میڈیسن اور ریڈ فاؤنڈیشن میں دو طرفہ تعاون کا معاہدہ

## معائدے کے تحت ریڈ فاؤنڈیشن کے تحت چلنے والے سکولز میں طلبہ کی ہیلتھ اسسمنٹ، مفت طبی سہولیات اور کیریئر کونسلنگ کی جائیگی

## ڈین میڈیکل سائنسز، ریجنل منیجر ریڈ فاؤنڈیشن نے دستاویز پر دستخط کیے، ہمارے پاس بڑا کمیونٹی سروس پروگرام ہے، ڈاکٹر شاہد اقبال

راولاکوٹ (پرل نیوز) جامعہ پونچھ راولاکوٹ کی فیکلٹی آف میڈیکل اینڈ ہیلتھ سائنسز کے شعبہ ایسٹرن میڈیسن اور ریڈ فاؤنڈیشن کے درمیان دوطرفہ تعاون کے معائدے (ایم او یو) پر دستخط کر لیے گئے ہیں۔ اس سلسلہ میں فیکلٹی آف میڈیکل آف ہیلتھ سائنسز میں خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر ڈین میڈیکل ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان اور ریڈ فاؤنڈیشن کے ریجنل منیجر محمد محبوب نے معائدے کی دستاویز پر دستخط کیے۔ تقریب میں چیئرپرسن (بقیہ 09 صفحہ 03)



راولاکوٹ، جامعہ پونچھ کے ڈین میڈیکل سائنسز ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان اور ریڈ فاؤنڈیشن کے ریجنل منیجر محمد محبوب معائدے کے بعد دستاویزت کا تبادلہ کرر ہے ہیں

### بقیہ 9

ایسٹرن میڈیسن ڈاکٹر نائید ممتاز، چیرمین شعبہ فارمیسی ڈاکٹر محمد مختار، چیئرمین لیب ٹیکنالوجی ڈاکٹر محمد عثمان ڈائریکٹر اورک ڈاکٹر عابد حسین، ڈاکٹر فہد سید اور دیگر فیکلٹی ممبران بھی موجود تھے۔ معائدے کے تحت جامعہ پونچھ کا شعبہ ایسٹرن میڈیسن ریڈ فاؤنڈیشن کے تحت چلنے والے سکولز میں طلبہ کی ہیلتھ اسسمنٹ کے ساتھ مفت طبی سہولیات فراہم کرے گا جبکہ طلبہ کیساتھ کیریئر کونسلنگ کے سیشنز کا انعقاد کیا جائے گا۔ معائدے کی دستاویز پر دستخط سے قبل ڈین فیکلٹی پروفیسر ڈاکٹر شاہد اقبال اعوان نے جامعہ پونچھ کے تعارف اور شعبہ ایسٹرن میڈیسن پر خصوصی بریفنگ دی۔ ڈاکٹر شاہد اقبال نے کہا کہ شعبہ ایسٹرن میڈیسن کے پاس جامعہ پونچھ کا سب سے بڑا آوٹ ریچ کیمونٹی سروسز پروگرام ہے جس کے تحت ہر سال ہزاروں افراد کو مفت طبی سہولیات اور ادویات فراہم کی جاتی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ سکول لیول پر طلبہ کی اسسمنٹ ناگزیر ہے تا کہ وہ اپنے مستقبل کیلئے بہترین شعبہ کا انتخاب کر سکیں۔ دریں اثناء ریجنل منیجر ریڈ فاؤنڈیشن محمد محبوب نے جامعہ پونچھ کے تعلیمی معیار کی تعریف کی اور کہا کہ ہمارے طلبہ ترجیحی بنیادوں پر داخلوں کیلئے جامعہ پونچھ راولاکوٹ کا انتخاب کرتے ہیں